پشاور،ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ

# آج

ایڈیٹر
نگہت شاہین

ایبٹ آباد
پاکستان

بانی
عبدالواحد یوسفی

صفحات 8

جلد 24 | جمعرات 3 ستمبر 2020ء 13 محرم الحرام 1442ھ قیمت 10 روپے | شمارہ 309

# تمام پبلک باڈیز میں انفارمیشن کو چھپانا ممکن نہیں رہا،ساجد خان

## تمام سرکاری محکموں اور دفاتر کے نامزد پرنسپل انفارمیشن افسر شہریوں کو درکار معلومات مقررہ وقت کے اندر فراہم کرنے کے پابند ہیں

## ایکٹ کے بنیادی مقاصد میں کرپشن کا خاتمہ،طرز حکمرانی کی بہتری، سرکاری حکام اور اہلکاروں کو جوابدہ بنانا ہے،چیف کمشنر آر ٹی آئی

ہری پور(سٹی رپورٹر)خیبر پختونخوا رائٹ ٹو انفارمیشن (آر ٹی آئی) کمیشن کے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے واضح کیا ہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن کے قانون کے تحت کسی بھی سرکاری ادارے کے مالی معاملات اور انتظامی و دیگر امور سے متعلق کسی بھی شہری کو درکار حقائق کو چھپایا نہیں جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ صوبائی اور ضلعی سطح پر تمام سرکاری محکموں اور دفاتر کے نامزد کردہ پرنسپل انفارمیشن افسر شہریوں کو درکار معلومات مقررہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

بقیہ نمبر 33

### ساجد خان جدون

وقت کے اندر فراہم کرنے کے پابند ہیں بصورت دیگر متعلقہ افسر کے خلاف جرمانہ سمیت دیگر قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔یہ بات انہوں نے بدھ کے روز ڈپٹی کمشنر آفس ہری پور میں آر ٹی آئی ایکٹ پر عمل درآمد سے متعلق ضلعی محکموں کے لئے منعقدہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ساجد خان جدون کی زیر صدارت تربیتی ورکشاپ میں کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ریاض خان داوڑزئی،ڈپٹی کمشنر ہری پور ندیم ناصر اور تمام محکموں کے افسران و اہلکاران نے شرکت کی تربیتی ورکشاپ میں پی آئی اوز کو مذکورہ قانون کی افادیت اور اس کے تحت عام شہریوں کو پبلک باڈیز سے متعلق درکار معلومات کے حصول ،شہریوں کی گزارشات اور مقررہ مدت میں درکار معلومات کی فراہمی کے حوالے سے تمام مراحل کے بارے میں تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔واضح رہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 کا نفاذ صوبے میں 18 اگست 2013 کو ہوا جس کی رو سے شہری اب سرکاری محکموں اور پبلک باڈیز سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں تربیتی سیشن میں اظہار خیال کرتے ہوئے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے نفاذ سے اب تمام پبلک باڈیز میں شہریوں سے متعلق کسی بھی انفارمیشن کو چھپانا ممکن نہیں رہا۔انہوں نے کہا کہ پبلک کے ذمرے میں وہ تمام ادارے آجاتے ہیں جو پبلک فنڈ استعمال کرتے ہیں اور ان کے پاس تمام معلومات پبلک ریکارڈ ہے۔انہوں نے پی آئی اوز پر زور دیا کہ وہ اپنے محکمہ جات میں اس ایکٹ کے ذریعے شہریوں کو درکار معلومات وقت پر فراہم کیا کریں جس سے نہ صرف سرکاری ادارے مضبوط ہوں گے بلکہ گڈ گورننس،شفافیت،عوام کو اداروں کی جوابدہی میں مزید بہتری آئے گی

******

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن

A B C CERTIFIED

[illegible]

2624764-2624765
2277832-2828847

http://www.dailyausaf.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

E-mail:ausaf@dsl.net.pk

روزنامہ اوصاف اسلام آباد

DAILY AUSAF ISLAMABAD

THURSDAY, SEPTEMBER 03, 2020

چیف ایڈیٹر مہتاب خان

ایڈیٹر محسن بلال خان

جلد 22 جمعرات 14 محرم الحرام 1442ھ 3 ستمبر 2020ء 19 بھادوں 2077ب صفحات 10 قیمت 20 روپے شمارہ 254

# تمام ادارے عوام کو معلومات فراہم کرنے کے پابند ہیں: چیف کمشنر آر ٹی آئی

## سرکاری محکموں کے پرنسپل انفارمیشن آفیسر شہریوں کو معلومات مقررہ وقت پر دینے کے پابند ہیں

### ادارے کے مالی معاملات اور انتظامی و دیگر امور سے متعلق شہری کو درکار حقائق کو چھپایا نہیں جاسکتا، ساجد جدون

پشاور (بیورو رپورٹ) آر ٹی آئی کمیشن کے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے واضح کیا ہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن کے قانون کے تحت کسی بھی سرکاری ادارے کے مالی معاملات اور انتظامی و دیگر امور سے متعلق کسی بھی شہری کو درکار حقائق کو چھپایا نہیں جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اور ضلعی سطح پر تمام سرکاری محکموں اور دفاتر کے نامزد پرنسپل انفارمیشن آفیسر شہریوں کو درکار معلومات مقررہ وقت کے اندر فراہم کرنے (باقی صفحہ 24 نمبر 39)

اوصاف | چیف کمشنر | 39

کے پابند ہیں بصورت دیگر متعلقہ افسر کے خلاف جرمانہ سمیت دیگر قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز ڈپٹی کمشنر آفس ہری پور میں آر ٹی آئی ایکٹ پر عمل درآمد سے متعلق ضلعی محکموں کے لئے منعقدہ کی گئی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔

www.jang.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

پاکستان کے سب سے بڑے روزنامے کا ادارہ

THE DAILY JANG RAWALPINDI

روزنامہ جنگ راولپنڈی

NPR-002

بانی ۔۔۔ میر خلیل الرحمٰن

KP EDITION THURSDAY SEPTEMBER 03, 2020

جلد 62

جمعرات 14 محرم الحرام 1442ھ 3 ستمبر 2020ء 19 بھادوں 2077 ب

نمبر 242

صفحات 12 قیمت 20 روپے



ہری پور: چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن ساجد خان جدون سرکاری محکموں کی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

WWW.dailyasas.com.pk Email asasrwp@gmail.com

ABC CERTIFIED

پاکستان کی نظریاتی سیاسی عملداری اور عوام کی امنگوں کا عکاس

Daily Asas

روزنامہ اساس راولپنڈی

ایڈیٹر انچیف شیخ افتخار عادل

راولپنڈی، اسلام آباد، لاہور، فیصل آباد، کراچی، اور مظفر آباد آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

DAILY ASAS Thursday 03 SE

جلد 27 شمارہ 240- جمعرات 14 محرم الحرام 1442ھ 03 ستمبر 2020ء 19 بھادوں 2076 ب | صفحات 10 | قیمت 15 روپے



چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ساجد جدون ڈی سی ہری پور ندیم ناصر کو شیلڈ دے رہے ہیں

ABC CERTIFIED

www.dailypine.com.pk

روزنامہ

# پائن

قیمت 10 روپے

ایبٹ آباد

فیکس: 415141

چیف ایڈیٹر

شجاع احمد

ریذیڈنٹ ایڈیٹر محمد اسحاق زکریا

pinenewsagency@gmail.com

ایڈیٹر ساجد ندیم

جلد 13 | جمعرات 3 ستمبر 2020 | 14 محرم الحرام 1442ھ | شمارہ 316



چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ساجد خان جدون تربیتی ورکشاپ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ہری پور ندیم ناصر کو شیلڈ دے رہے ہیں

# کسی بھی شہری کو درکار حقائق کو چھپایا نہیں جا سکتا، ساجد خان

## تمام سرکاری ادارے عوام کو اصل حقائق سے آگاہ کرنے کے پابند ہیں

ہری پور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا رائٹ ٹو انفارمیشن (آر ٹی آئی) کمیشن کے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے واضح کیا ہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن کے قانون کے تحت کسی بھی سرکاری ادارے کے معاملات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

## ڈسٹرکٹ نارملائزیشن کمیٹی ایبٹ آباد کا ایک اجلاس

### اجلاس میں ایبٹ آباد کے رجسٹرڈ کلبز کے سیکریٹریز، اور صدور کی شرکت

ایبٹ آباد (سپورٹس رپورٹر) ڈسٹرکٹ نارملائزیشن کمیٹی ایبٹ آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

**بقیہ نمبر 30 — پائن**

اور انتظامی دیگر امور سے متعلق کسی بھی شہری کو درکار حقائق کو چھپایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اور ضلعی سطح پر تمام سرکاری محکموں اور دفاتر کے نامزد کردہ پبلک انفارمیشن افسر شہریوں کو درکار معلومات مقررہ وقت کے اندر فراہم کرنے کے پابند ہیں بصورت دیگر متعلقہ افسر کے خلاف جرمانہ سمیت دیگر قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز ڈپٹی کمشنر آفس ہری پور میں آر ٹی آئی ایکٹ پر عمل درآمد سے متعلق ضلعی محکموں کے لئے منعقد کی گئی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔ چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ساجد خان جدون کی زیر صدارت تربیتی ورکشاپ میں کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ریاض خان داؤد زئی، ڈپٹی کمشنر ہری پور ندیم ناصر اور تمام محکموں کے افسران و اہلکاران نے شرکت کی۔ تربیتی ورکشاپ میں پی آئی اوز کو مذکورہ قانون کی افادیت اور اس کے تحت عام شہریوں کو پبلک باڈیز سے متعلق درکار معلومات کے حصول، شہریوں کی گزارشات اور مقررہ مدت میں درکار معلومات کی فراہمی کے حوالے سے تمام مراحل کے بارے میں تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔ واضح رہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 کا نفاذ صوبے میں 18 اگست 2013 کو ہوا جس کی رو سے شہری اب سرکاری محکموں اور پبلک باڈیز سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ تربیتی سیشن میں اظہار خیال کرتے ہوئے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے نفاذ سے اب تمام پبلک باڈیز میں شہریوں سے متعلق کسی بھی انفارمیشن کو چھپانا ممکن نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ پبلک کے زمرے میں وہ تمام ادارے آ جاتے ہیں جو پبلک فنڈ استعمال کرتے ہیں اور ان کے پاس تمام معلومات پبلک ریکارڈ ہے۔ انہوں نے پی آئی اوز پر زور دیا کہ وہ اپنے محکمہ جات میں اس ایکٹ کے ذریعے شہریوں کو درکار معلومات وقت پر فراہم کیا کریں جس سے نہ صرف سرکاری ادارے مضبوط ہوں گے بلکہ گڈ گورننس، شفافیت، عوام کو اداروں کی جوابدہی میں مزید بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ آر ٹی آئی ایکٹ کے تحت شہریوں کی درخواستوں پر عملدرآمد تمام پبلک باڈیز کی ذمہ داری ہے اور اس ضمن میں کسی بھی طرح کی لیت و لعل کے نتیجے میں ایکٹ کے تحت ذمہ داروں کیخلاف قانونی کارروائی اور جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ایکٹ کے بنیادی مقاصد میں کرپشن کا خاتمہ، طرز حکمرانی کی بہتری، سرکاری حکام اور اہلکاروں کو جوابدہ بنانا، شہریوں اور ریاست کے مابین اعتماد پیدا کرنا، شہریوں کو باوقار بنانا اور گورننس کے عمل میں شہریوں کے اشتراک کو یقینی بنانے جیسے عوامل شامل ہیں۔ ایک روزہ تربیتی ورکشاپ میں کمشنر آر ٹی آئی ریاض خان داؤدزئی نے ایکٹ کے اغراض و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ اس موقع پر چیف کمشنر ساجد خان جدون نے تربیتی ورکشاپ کے بہترین انتظامات پر ڈپٹی کمشنر ہری پور ندیم ناصر کو شیلڈ بھی پیش کی۔ ڈپٹی کمشنر ہری پور نے پی آئی اوز پر زور دیا کہ وہ شہریوں کی گزارشات پر درکار معلومات کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں۔ مذکورہ قانون محکمہ جات میں گڈ گورننس کی تشکیل اور شفافیت کی جانب ایک اہم قدم

www.sarhadnews.tv/epaper

فیکس: 400044

ABC CERTIFIED

کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر ہیں (القرآن)

ایبٹ آباد اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار

فون: 344700

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER APNS

Daily Sarhad News Abbottabad

روزنامہ

ایبٹ آباد

www.sarhadnews.com

# سرحد نیوز

چیف ایڈیٹر: سردار ابرار رشید

قیمت 5 روپے

| | | |
|---|---|---|
| جلد نمبر 17 | بروز جمعرات 03 ستمبر 2020ء، 14 محرم الحرام 1442ھ | شمارہ نمبر 107 |



ساجد خان جدون ترقیاتی ورکشاپ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ہری پور محمد عامر کو شیلڈ دے رہے ہیں



ہری پور، کمشنر آر ٹی آئی ریاض خان داؤدزئی محکمہ جاتی افسران کو آگاہی ورکشاپ کے دوران بریفنگ دے رہے ہیں

jeohazarahrp@gmail.com

Certified | ہری پور سے شائع ہونے والا 8 صفحات پر مشتمل پہلا رنگین اخبار | ABC

روزنامہ

# جیو ہزارہ

ہری پور

چیف ایڈیٹر
کیپٹن (ر) ڈاکٹر عنبرین آصف

ایڈیٹر
ملک محمد اقبال

جلد نمبر 9 | جمعرات 3 ستمبر 2020ء، 14 محرم الحرام 1442ھ | صفحات 8 قیمت 10 روپے | شمارہ 317

## شہریوں سے درکار حقائق چھپائے نہیں جا سکتے، ساجد خان

### رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کا نفاذ 18 اگست 2013 سے ہو چکا ہے

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا رائیٹ ٹو انفارمیشن (آر ٹی آئی) کمیشن کے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے واضح کیا ہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن کے قانون کے تحت کسی بھی سرکاری ادارے کے مالی معاملات اور انتظامی و دیگر امور سے متعلق کسی بھی شہری کو درکار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

**بقیہ نمبر 29** | ساجد خان

حقائق کو چھپایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے تمام سرکاری محکموں اور دفاتر کے نامزد کردہ پبلک انفارمیشن افسر شہریوں کو درکار معلومات مقررہ وقت کے اندر فراہم کرنے کے پابند ہیں بصورت دیگر متعلقہ افسر کے خلاف جرمانہ سمیت دیگر قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز ڈپٹی کمشنر آفس ہری پور میں آر ٹی آئی ایکٹ پر عمل درآمد سے متعلق ضلعی محکموں کے لئے منعقدہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبرپختونخوا ساجد خان جدون کی زیر صدارت تربیتی ورکشاپ میں کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبرپختونخوا ریاض خان داوڑ، ڈپٹی کمشنر ہری پور ندیم ناصر اور تمام محکموں کے افسران و اہلکاران نے شرکت کی۔ تربیتی ورکشاپ میں پی آئی اوز کو مذکورہ قانون کی افادیت اور اس کے تحت عام شہریوں کو پبلک باڈیز سے متعلق درکار معلومات کے حصول، شہریوں کی گزارشات اور مقررہ مدت میں درکار معلومات کی فراہمی کے حوالے سے تمام مراحل کے بارے میں تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔ واضح رہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 کا نفاذ صوبے میں 18 اگست 2013 کو ہوا جس کی رو سے شہری اب سرکاری محکموں اور پبلک باڈیز سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ تربیتی سیشن میں اظہار خیال کرتے ہوئے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے نفاذ سے اب تمام پبلک [illegible] سے متعلق کسی [illegible]

E-mail dailyshamal1991@gmail.com Web:www.shamal.com.pk

A.B.C CERTIFIED صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

The Daily SHAMAL ABBOTTABAD

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

فون نمبر 0992-385577

چیف ایڈیٹر و پبلشر نیاز پاشا جدون

جلد نمبر 31 جمعرات ۔ 14 محرم الحرام 1442ھ 3 ستمبر 2020ء 22 بھادوں 2077 ب صفحات 8 قیمت 10 روپے شمارہ نمبر 191




رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن (KPK) ساجد خان جدون ورکشاپ کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ہری پور ندیم ناصر کو شیلڈ دے رہے ہیں



۔۔۔ چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن کے پی کے ساجد خان جدون ہری پور میں سرکاری محکموں کی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں۔۔۔

# مالی معاملات اور انتظامی و دیگر امور سے متعلق کسی بھی شہری کو درکار حقائق کو چھپایا نہیں جا سکتا

## تمام سرکاری محکموں اور دفاتر کے نامزد کردہ پرنسپل انفارمیشن افسر شہریوں کو درکار معلومات مقررہ وقت کے اندر فراہم کرنے کے پابند ہیں، ساجد خان

ایبٹ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خیبر پختونخوا رائیٹ ٹو انفارمیشن (آر ٹی آئی) کمشن کے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے واضح کیا ہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن کے قانون کے تحت کسی بھی سرکاری ادارے کے مالی معاملات اور انتظامی و دیگر امور سے متعلق کسی بھی شہری کو درکار حقائق کو چھپایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اور ضلعی سطح پر تمام سرکاری محکموں اور دفاتر کے نامزد کردہ پرنسپل (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 28)

بقیہ 28 حقائق

انفارمیشن افسر شہریوں کو درکار معلومات مقررہ وقت کے اندر فراہم کرنے کے پابند ہیں بصورت دیگر متعلقہ افسر کے خلاف جرمانہ سمیت دیگر قانونی کاروائی کی جا سکتی ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز ڈپٹی کمشنر آفس ہری پور میں آر ٹی آئی ایکٹ پر عمل درآمد سے متعلق ضلعی محکموں کے لئے منعقدہ کی گئی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے بتائی ۔ چیف کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ساجد خان جدون کی زیر صدارت تربیتی ورکشاپ میں کمشنر رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن خیبر پختونخوا ریاض خان داؤد زئی، ڈپٹی کمشنر ہری پور ندیم ناصر اور تمام محکموں کے افسران و اہلکاران نے شرکت کی تربیتی ورکشاپ میں پی آئی اوز کو مذکورہ قانون کی افادیت اور اس کے تحت عام شہریوں کو پبلک باڈیز سے متعلق درکار معلومات کے حصول، شہریوں کی گزارشات اور مقررہ مدت میں درکار معلومات کی فراہمی کے حوالے سے تمام مراحل کے بارے میں تفصیلی رہنمائی فراہم کی گئی۔ واضح رہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 کا نفاذ صوبے میں 18 اگست 2013 کو ہوا جس کی رو سے شہری اب سرکاری محکموں اور پبلک باڈیز سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں تربیتی سیشن میں اظہار خیال کرتے ہوئے چیف کمشنر ساجد خان جدون نے کہا کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے نفاذ سے اب تمام پبلک باڈیز میں شہریوں سے متعلق کسی بھی انفارمیشن کو چھپانا ممکن نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ پبلک کے ذمرے میں وہ تمام ادارے آتے ہیں جو پبلک فنڈ استعمال کرتے ہیں اور ان کے پاس تمام معلومات پبلک ریکارڈ ہے۔ انہوں نے پی آئی اوز پر زور دیا کہ وہ اپنے محکمہ جات میں اس ایکٹ کے ذریعے شہریوں کو درکار معلومات وقت پر فراہم کیا کریں، جس سے نہ صرف سرکاری ادارے مضبوط ہوں گے بلکہ گڈ گورننس، شفافیت، عوام کو اداروں کی جوابدہی میں مزید بہتری آئے گی انہوں نے کہا کہ آر ٹی آئی ایکٹ کے تحت شہریوں کی درخواستوں پر عملدرآمد تمام پبلک باڈیز کی ذمہ داری ہے اور اس ضمن میں کسی بھی طرح کی لیت و لعل کے نتیجے میں ایکٹ کے تحت ذمہ داروں کیخلاف قانونی کاروائی اور جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ اس ایکٹ کے بنیادی مقاصد میں کرپشن کا خاتمہ، طرز حکمرانی کی بہتری، سرکاری حکام اور اہلکاروں کو جوابدہ بنانا، شہریوں اور ریاست کے مابین اعتماد پیدا کرنا، شہریوں کو باوقار بنانا اور گورننس کے عمل میں شہریوں کے اشتراک کو یقینی بنانے جیسے عوامل شامل ہیں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ میں کمشنر آر ٹی آئی ریاض خان داؤدزئی نے ایکٹ کے اغراض و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالی اس موقع پر چیف کمشنر ساجد خان جدون نے تربیتی ورکشاپ کے بہترین انتظامات پر ڈپٹی کمشنر ہری پور ندیم ناصر کو شیلڈ بھی پیش کی ڈپٹی کمشنر ہری پور نے پی آئی اوز پر زور دیا کہ وہ شہریوں کی گزارشات پر درکار معلومات کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں مذکورہ قانون محکمہ جات میں گڈ گورننس، اکاؤنٹیبلٹی اور شفافیت کی جانب ایک اہم قدم ہے۔